[illegible]

[illegible]

کردیں نشان خیر و برکت کتاب مسمّٰی بہ

مَعدَنُ الدّقائِق

ترجمہ اردو

کُنُوزُ الحقائِق

جس میں امام عبدالرؤف مناوی رحمۃ اللہ علیہ نے

دس ہزار احادیث نبوی کا بے بہا ذخیرہ جمع کیا

اور خاکسار محبوب عالم نے بعد فراغت حج بیت اللہ شریف سے آ کر اہل اسلام ہند کے فائدہ کیلئے اردو ترجمہ کے ساتھ

زیر اہتمام میاں عبدالمجید صاحب مینجر پیسہ اخبار لاہور

سنہ ۱۹۳۰ء میں

مطبع گیلانی سٹیم پریس لاہور میں طبع کرائی

بار اوّل

فاطمة بضعة مني يريبني ما يريبها	(ك)	فاطمہ میرا ٹکڑا ہے مجھکو شک میں ڈالتا ہے جو اسکو شک میں ڈالتا ہے	۲۱
فتنة القبر فيّ فاذا سئلتم عني فلا تشكوا	(ك)	قبر کا امتحان میری نسبت ہوگا جب تم میری نسبت سوال کئے جاؤ تو شک مت کرو	۲۲
فخذ المرء المسلم من عورته	(طب)	مسلمان کی ران اسکی شرمگاہ سے ہے	۲۳
فر بدينك وكن حلسا من احلاس بيتك	(فر)	تو اپنے دین کے ساتھ بھاگ اور اپنے گھر کے فرش سے فرش ہو جا	۲۴
فرعون هذه الامة ابو جهل	(هب)	اس امت کا فرعون ابو جہل ہے	۲۵
فرق البحر لبني اسرائيل يوم عاشوراء	(ع)	بنی اسرائیل کے لئے عاشورا کے روز دریا پھٹ گیا تھا	۲۶
فرقوا بين اولادكم في المضاجع اذا بلغوا سبعا	(حم)	اپنی اولاد کو جدا سلاؤ جبکہ وہ سات سالہ عمر کو پہنچ جائیں	۲۷
فضل العالم على غيره كفضل النبي على امته	(خط)	عالم کی فضیلت غیر عالم پر مثل فضیلت نبی کی ہے اپنی امت پر	۲۸
فضل العلم خير من فضل العبادة	(طب)	علم کی فضیلت عبادت کی فضیلت سے بہتر ہے	۲۹
فضل الثريد على الطعام كفضل عائشة على النساء	(فر)	ثرید کی فضیلت دیگر طعام پر ایسی ہے جیسی عائشہ کی فضیلت دوسری عورتوں پر	۳۰
فضل العلم خير من فضل العبادة وخير دينكم الورع	(بز)	علم کا فضل عبادت کے فضل سے بہتر ہے اور بہتر دین تمہارا پرہیزگاری ہے	۳۱
فضل عائشة على النساء كفضل الثريد على سائر الطعام	(هق)	عائشہ کی فضیلت باقی عورتوں پر ایسی ہے جیسی ثرید کی فضیلت باقی طعام پر	۳۲
فضلت بالمفصل	(فر)	مفصل کے ساتھ مجھکو فضیلت دیگئی ہے	۳۳
فضوح الدنيا اهون من فضوح الآخرة	(طب)	دنیا کی رسوائی آخرت کی رسوائی سے آسان ہے	۳۴
فقيه واحد اشد على الشيطان من الف عابد	(ت)	ایک فقیہ شیطان پر ہزار عبادت کرنیوالے سے زیادہ سخت ہوتا ہے	۳۵
فلق البحر لبني اسرائيل يوم عاشوراء	(ع)	دریا کا چاک ہونا بنی اسرائیل کے لئے عاشورا کے روز تھا	۳۶
فهلا بكرا تلاعبها وتلاعبك وتضاحكها وتضاحكك	(ط)	تونے باکرہ سے کیوں نکاح نہ کیا کہ تم ایک دوسرے سے کھیلتے اور ایک دوسرے کو ہنساتے	۳۷
فهلا قلت خذها وانا الغلام الانصاري	(بغوی)	تجھے یہ کیوں نہ کہا لے اسکو اور میں انصاری لڑکا ہوں	۳۸
فوت الحاجة ايسر من الذل فيها	(كر)	حاجت کا حاصل نہ ہونا آسان ہے اس میں ذلت اٹھانے سے	۳۹
في الاصابع عشر عشر	(حم)	انگلی میں دس دس بیا (اس سے مراد دیت ہے)	۴۰
في الانسان عظم لا تأكله النار منه يركب	(م)	انسان میں ایک ایسا جزو ہے جسے آگ نہیں کھاتی اسی سے وہ دوبارہ مرکب ہوگا	۴۱
في الجمعة ساعة لا يوافقها رجل يحتجم فيها الا مات	(ع)	جمعہ میں ایک ایسی گھڑی ہے جسمیں انسان پچھنے لگنے تو مر جاتا ہے	۴۲
في الجنة مائة درجة ما بين كل درجتين مائة درجة	(ت)	جنت میں سو درجے ہیں اور ان ہر دو درجوں میں سو درجے ہیں	۴۳